آپس میں گالی گلوچ کرنے والے دو شخص جو کچھ بھی کہیں گے، اس کا گناہ پہل کرنے والے پر ہوگا، یہاں تک کہ مظلوم زیادتی کرے

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”آپس میں گالی دینے والے دو شخص جو کچھ بھی کہیں گے, اس کا گناہ پہل کرنے والے پر ہوگا، یہاں تک کہ مظلوم زیادتی کا ارتکاب کرے“
[صحیح] [اسے امام مسلم نے روایت کیا ہے]

آپس میں گالی دینے والے دو شخص جو کچھ بھی کہتے ہیں, اس کا گناہ ان میں سے ابتدا کرنے والے پر ہوتا ہے، کیونکہ درحقیقت زیادتی کرنے والا وہی ہے کہ رہی بات دوسرے شخص کی تو اس پر کوئی گناہ نہیں ہے، اس لیے کہ اسے اپنے اوپر زیادتی کرنے والے کو جواب دینے کی اجازت ہے لیکن اگر مظلوم، ظالم پر زیادتی کرے بایں طور کہ وہ اس حد سے تجاوز کرجائے جس کی اسے اجازت ہے تو اس صورت میں مظلوم کا گناہ ابتدا کرنے والے کے گناہ سے زیادہ ہو جائے گا

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/8878